**CONFIDENTIAL**

**Not to be released for publication in the press before presentation to the Assembly**

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LOCAL GOVERNMENT AND RURAL DEVELOPMENT REGARDING (I) THE PUNJAB LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) BILL 2015 (BILL NO.36 OF 2015) AND (II) THE PUNJAB LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) BILL 2015 (BILL NO.38 OF 2015)

The Punjab Local Government (Amendment) Bill 2015 (Bill No.36 of 2015) and the Punjab Local Government (Second Amendment) Bill 2015 (Bill No.38 of 2015) were referred to the Standing Committee on Local Government and Rural Development on 27 August 2015. The Committee considered the bills in its meeting held on 31 August, 2015.

**2.** The following were present:–

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Ch Abdul Razzaq Dhillon, MPA (PP-33) | Chairman |
| 2. | Mr Ramzan Siddique Bhatti, MPA (PP-153)<br>Parliamentary Secretary for LG&CD | *ex-officio* Member |
| 3. | Mrs Gulnaz Shahzadi, MPA (W-329) | Member |
| 4. | Mr Ghazanfar Abbas Chheena, MPA (PP-49) | Member |
| 5. | Sardar Ali Raza Khan Dreshak, MPA (PP-247) | Member |
| 6. | Mian Muhammad Aslam Iqbal, MPA (PP-148) | Member |

**3.** Mr Khalid Masood Chaudhry, Secretary to Government of the Punjab, Local Government and Community Development and Mr Mohsin Bukhari, Deputy Director, Law and Parliamentary Affairs Department represented their Departments. Hafiz Muhammad Shafiq Adil, Special Secretary, Provincial Assembly of the Punjab functioned as Secretary to the Committee.

4. The Secretary to Government of the Punjab, Local Government and Community Development Department apprised the Committee about the aims and objects of the bills. He stated that the purpose of Bill No. 36 of 2015 was to amend the Punjab Local Government Act, 2013 (XVIII of 2013), for brevity cited as 'the said Act', to fill the reserved seats in a Union Council through indirect elections and to provide representation to the local governments in the Punjab Finance Commission. He added that the objective of Bill No. 38 of 2015 was further to amend the said Act to facilitate the process of distribution of rights, assets and liabilities of the existing local governments amongst the successors local governments and groups of offices which shall revert to the Government on the repeal of the Punjab Local Government Ordinance, 2001 (XIII of 2001). He also requested the Committee that both the bills may be merged into a single bill and the consolidated bill be considered jointly.

*Contd...P/2*

5. The Committee agreed to the request of the Administrative Department and decided to merge Bill No. 38 of 2015 into Bill No.36 of 2015 and to consider the later as a consolidated bill.

6. Sardar Ali Raza Khan Dreshak, MPA (PP-247) and Mian Muhammad Aslam Iqbal, MPA (PP-148) were of the view that filling the reserved seats in a Union Council through indirect elections was against democratic spirit; hence, they opposed the proposed amendments to this effect in section 13 and Schedule of the said Act. They also opined that through a proposed amendment in section 111 of the said Act, it has been proposed that there would be two members from the opposition in the Punjab Finance Commission, whereas there should be three members from the opposition instead of two. They also opposed the proposed amendment in section 3 of the said Act which is regarding the rights, assets and liabilities of the groups of offices which would revert to the Government on the repeal of the Punjab Local Government Ordinance, 2001 (XIII of 2001).

7. After hearing the Members, having view point of the Administrative Department as well as the Law Department and discussing various points, the Committee, by majority of votes, decided that the first Bill i.e. the Punjab Local Government (Amendment) Bill 2015 (Bill No. 36 of 2015), as consolidated bill, may be passed by the Assembly with necessary amendments as incorporated in Annexure-C.

8. The Punjab Local Government (Amendment) Bill 2015 (Bill No.36 of 2015) and the Punjab Local Government (Second Amendment) Bill 2015 (Bill No.38 of 2015) are given at Annexure-A and Annexure-B; and the consolidated Bill No. 36 of 2015, as recommended by the Committee for passage by the Assembly, is given at Annexure-C.

**(CH ABDUL RAZZAQ DHILLON)**
*Chairman*
*Standing Committee on Local Government and Rural Development*

Lahore
*31 August 2015*

---

Mumtaz Hussain

**(RAI MUMTAZ HUSSAIN BABAR)**
*Secretary*

Lahore
*31 August 2015*

ANNEXURE – A

(BILL AS INTRODUCED IN THE ASSEMBLY)

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB

## Bill No. 36 of 2015

## THE PUNJAB LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) BILL 2015

**A**
**BILL**

to amend the Punjab Local Government Act 2013.

It is expedient to amend the Punjab Local Government Act, 2013 (XVIII of 2013) to fill the reserved seats in a Union Council through indirect elections, to provide representation to the local governments in the Punjab Finance Commission, and to achieve other purposes;

Be it enacted by Provincial Assembly of the Punjab as follows:

1. **Short title and commencement**.– (1) This Act may be cited as the Punjab Local Government (Amendment) Act 2015.

(2) It shall come into force at once.

2. **Substitution of section 13 in Act XVIII of 2013**.– In the Punjab Local Government Act 2013 *(XVIII of 2013)*, for brevity cited as 'the said Act', for section 13, the following shall be substituted:

"**13. Union Council**.– (1) A Union Council shall consist of directly elected Chairman and Vice Chairman, as joint candidates, six general members, one from each ward of the Union Council, and the following members indirectly elected on the reserved seats by the Chairman, Vice Chairman and the general members present and voting:

(a) two women members;
(b) one worker member;
(c) one youth member; and
(d) one non-Muslim member."

3. **Substitution of section 18 in Act XVIII of 2013**.– In the said Act, for section 18, the following shall be substituted:

"**18. Franchise**.– (1) Save as otherwise provided, election of members of all local governments shall be held through secret ballot on the basis of adult franchise in such manner as may be prescribed.

(2) The Election Commission shall hold local government election on party basis by allotting symbols to candidates of political parties in the prescribed manner.

(3) Nothing in subsection (2) shall debar an independent candidate or joint candidates to contest election of a local government."

4. **Omission of section 75 of Act XVIII of 2013**.– In the said Act, section 75 shall be omitted.

5. **Amendment in section 96 of Act XVIII of 2013**.– In the said Act, in section 96, after subsection (3), the following subsection (3a) shall be inserted:

"(3a) In case a local government fails to nominate members of the *Panchayat* or *Musalihat Anjuman* under subsection (3), the Government or an officer authorized by it shall nominate the members."

**6. Amendment in section 111 of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in section 111:

(1) in subsection (1):

(a) for clause (c), the following shall be substituted:

"(c) seven members of the Provincial Assembly of the Punjab, five members including at least one female member to be nominated by the Chief Minister and two members including at least one female member to be nominated by the Leader of the Opposition in the Provincial Assembly;" and

(b) after clause (c), the following clauses (ca) and (cb) shall be inserted:

"(ca) Mayor, Metropolitan Corporation;

(cb) one Mayor of Municipal Corporation, one Chairman of Municipal Committee, one Chairman of District Council and one Chairman of Union Council to be nominated by the Government;"; and

(2) for subsection (4), the following shall be substituted:

"(4) A member of the Punjab Finance Commission, nominated by the Government, may be removed or reappointed in the prescribed manner."

**7. Insertion of section 153A in Act XVIII of 2013.**– In the said Act, after section 153, the following section 153A shall be inserted:

"**153A. Transitional arrangement.**– Until a Union Council is notified under the Act, the respective Metropolitan Corporation, Municipal Corporation or District Council shall perform the functions of the Union Council."

**8. Amendment in First Schedule of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in the First Schedule, for Part-I, the following shall be substituted:

**"Part-I**

| | **Mode of Election** | **Membership** |
|---|---|---|
| Union Council | Direct | Chairman and Vice Chairman, as joint candidates. |
| | Direct | Six general members. |
| | Indirect | Two women members. |
| | Indirect | One peasant or worker member. |
| | Indirect | One youth member. |
| | Indirect | One non-Muslim member." |

**9. Amendment in Third Schedule of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in the Third Schedule, in Part-III, for Serial No.(11), the following shall be substituted:

"(11) Fee for licensing of professions or vocations as may be prescribed."

**10. Repeal.**– The Punjab Local Government (Amendment) Ordinance, 2015 (XVII of 2015) is hereby repealed.

**MINISTER INCHARGE**

**Lahore:**
**27 August 2015**

**RAI MUMTAZ HUSSAIN BABAR**
**Secretary**

ANNEXURE – B

(BILL AS INTRODUCED IN THE ASSEMBLY)

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB

## Bill No. 38 of 2015

## THE PUNJAB LOCAL GOVERNMENT (SECOND AMENDMENT) BILL 2015

**A**
**BILL**

further to amend the Punjab Local Government Act 2013.

It is necessary further to amend the Punjab Local Government Act 2013 (XVIII of 2013) to facilitate the process of distribution of rights, assets and liabilities of the existing local governments amongst the successor local governments and group of offices which shall revert to the Government on the repeal of the Punjab Local Government Ordinance, 2001 (XIII of 2001); and, for other purposes;

Be it enacted by Provincial Assembly of the Punjab as follows:

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act may be cited as the Punjab Local Government (Second Amendment) Act 2015.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 3 in Act XVIII of 2013.**– In the Punjab Local Government Act 2013 *(XVIII of 2013)*, for brevity cited as 'the said Act', in section 3:

(a) in subsection (1):

(i) in clause (d), the word "and", occurring after the semi-colon, shall be *omitted;*

(ii) in clause (e), for the full stop, the expression ";and" shall be substituted;

(iii) after clause (e), the following clause (f) shall be inserted:

"(f) the Government shall succeed the rights, assets and liabilities of the groups of offices which revert to the Government."; and

(b) *for subsection (2), the following shall be substituted:*

"(2) The Government or an officer designated by the Government shall divide the rights, assets and liabilities of the existing local governments amongst the successor local governments and the Government; and, the decision of the Government or the designated officer shall be final.".

3. **Amendment in section 9 of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in section 9, for subsection (3), the following shall be substituted:

"(3) The Election Commission shall delimit a Union Council into six wards for the election of members on the general seats."

4. **Repeal.**– The Punjab Local Government (Second Amendment) Ordinance, 2015 (XIX of 2015) is hereby repealed.

**MINISTER INCHARGE**

---

**Lahore:**
**27 August 2015**

**RAI MUMTAZ HUSSAIN BABAR**
**Secretary**

**ANNEXURE - C**

# (BILL AS RECOMMENDED BY THE STANDING COMMITTEE ON LOCAL GOVERNMENT AND RURAL DEVELOPMENT)

## A
## BILL

further to amend the Punjab Local Government Act 2013.

It is expedient further to amend the Punjab Local Government Act, 2013 (XVIII of 2013) to fill the reserved seats in a Union Council through indirect elections, to provide representation to the local governments in the Punjab Finance Commission, to facilitate the process of distribution of rights, assets and liabilities of the existing local governments amongst the successor local governments and group of offices which shall revert to the Government on the repeal of the Punjab Local Government Ordinance, 2001 (XIII of 2001)and to achieve other purposes;

Be it enacted by Provincial Assembly of the Punjab as follows:

1. **Short title and commencement**.– (1) This Act may be cited as the Punjab Local Government (Amendment) Act 2015.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 3 of Act XVIII of 2013**.– In the Punjab Local Government Act 2013 *(XVIII of 2013)*, for brevity cited as 'the said Act', in section 3:

(a) in subsection (1):

(i) in clause (d), the word "and", occurring after the semi-colon, shall be omitted;

(ii) in clause (e), for the full stop, the expression ";and" shall be substituted;

(iii) after clause (e), the following clause (f) shall be inserted:

"(f) *the Government shall succeed the rights, assets and liabilities of the groups of offices which revert to the Government.*"; and

(b) for subsection (2), the following shall be substituted:

"(2) The Government or an officer designated by the Government shall divide the rights, assets and liabilities of the existing local governments amongst the successor local governments and the Government; and, the decision of the Government or the designated officer shall be final.".

3. **Amendment in section 9 of Act XVIII of 2013**.– In the said Act, in section 9, for subsection (3), the following shall be substituted:

"(3) The Election Commission shall delimit a Union Council into six wards for the election of members on the general seats."

4. **Substitution of section 13 of Act XVIII of 2013**.– In the Punjab Local Government Act 2013 *(XVIII of 2013)*, for brevity cited as 'the said Act', for section 13, the following shall be substituted:

"13. **Union Council**.– (1) A Union Council shall consist of directly elected Chairman and Vice Chairman, as joint candidates, six general members, one from each ward of the Union Council, and the following members indirectly elected on the reserved seats by the Chairman, Vice Chairman and the general members present and voting:

(a) two women members;

(b) one peasant member in a rural Union Council or one worker member in an urban Union Council;

(c) one youth member; and

(d) one non-Muslim member."

5. **Substitution of section 18 of Act XVIII of 2013**.– In the said Act, for section 18, the following shall be substituted:

"**18. Franchise.**– (1) Save as otherwise provided, election of members of all local governments shall be held through secret ballot on the basis of adult franchise in such manner as may be prescribed.

(2) The Election Commission shall hold local government election on party basis by allotting symbols to candidates of political parties in the prescribed manner.

(3) Nothing in subsection (2) shall debar an independent candidate or joint candidates to contest election of a local government."

**6. Omission of section 75 of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, section 75 shall be omitted.

**7. Amendment in section 96 of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in section 96, after subsection (3), the following subsection (3a) shall be inserted:

"(3a) In case a local government fails to nominate members of the *Panchayat* or *Musalihat Anjuman* under subsection (3), the Government or an officer authorized by it shall nominate the members."

**8. Amendment in section 111 of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in section 111:

(1) in subsection (1):

(a) for clause (c), the following shall be substituted:

"(c) seven members of the Provincial Assembly of the Punjab, five members including at least one female member to be nominated by the Chief Minister and two members including at least one female member to be nominated by the Leader of the Opposition in the Provincial Assembly;" and

(b) after clause (c), the following clauses (ca) and (cb) shall be inserted:

"(ca) Mayor, Metropolitan Corporation;

(cb) one Mayor of Municipal Corporation, one Chairman of Municipal Committee, one Chairman of District Council and one Chairman of Union Council to be nominated by the Government;"; and

(2) for subsection (4), the following shall be substituted:

"(4) A member of the Punjab Finance Commission, nominated by the Government, may be removed or reappointed in the prescribed manner."

**9. Insertion of section 153A of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, after section 153, the following section 153A shall be inserted:

"**153A. Transitional arrangement.**– Until a Union Council is notified under the Act, the respective Metropolitan Corporation, Municipal Corporation or District Council shall perform the functions of the Union Council."

**10. Amendment in First Schedule of Act XVIII of 2013.**– In the said Act, in the First Schedule, for Part-I, the following shall be substituted:

"Part-I

| | Mode of Election | Membership |
|---|---|---|
| Union Council | Direct | Chairman and Vice Chairman, as joint candidates. |
| | Direct | Six general members. |
| | Indirect | Two women members. |
| | Indirect | One peasant or worker member. |
| | Indirect | One youth member. |
| | Indirect | One non-Muslim member." |

**11. Amendment in Third Schedule of Act XVIII of 2013**.– In the said Act, in the Third Schedule, in Part-III, for Serial No.(11), the following shall be substituted:

"(11) Fee for licensing of professions or vocations as may be prescribed."

**12. Repeal.–** The Punjab Local Government (Amendment) Ordinance, 2015 (XVII of 2015) and The Punjab Local Government (Second Amendment) Ordinance, 2015 (XIX of 2015) are hereby repealed.

---

خفیہ

اسمبلی میں پیش کئے جانے سے قبل اس کی اخبارات میں اشاعت نہ کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مسودہ قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2014 (مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015) اور (ii) مسودہ قانون (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (مسودہ قانون نمبر 38 بابت 2015) کے بارے میں اسٹینڈنگ کمیٹی برائے مقامی حکومت و دیہی ترقی کی رپورٹ

مسودہ قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015) اور مسودہ قانون (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (مسودہ قانون نمبر 38 بابت 2015) مورخہ 27 اگست 2015 کو اسٹینڈنگ کمیٹی برائے مقامی حکومت و دیہی ترقی کے سپرد کیا گیا۔ کمیٹی نے اپنے اجلاس منعقدہ 31 اگست 2015 کو مسودہ قانون پر غور وخوض کیا۔

2۔ درج ذیل اراکین نے شرکت کی:۔

| | |
|---|---|
| 1۔ چودھری عبدالرزاق ڈھلوں، ایم پی اے (پی پی۔33) | چیئرمین |
| 2۔ جناب رمضان صدیق بھٹی، ایم پی اے (پی پی۔153)<br>پارلیمانی سیکرٹری برائے مقامی حکومت و کمیونٹی ڈویلپمنٹ | رکن بلحاظ عہدہ |
| 3۔ محترمہ گلناز شہزادی، ایم پی اے (ڈبلیو۔329) | رکن |
| 4۔ جناب غضنفر عباس چھینہ، ایم پی اے (پی پی۔49) | رکن |
| 5۔ سردار علی رضا خاں دریشک، ایم پی اے (پی پی۔247) | رکن |
| 5۔ میاں محمد اسلم اقبال، ایم پی اے (پی پی۔148) | رکن |

3۔ جناب خالد مسعود چودھری، سیکرٹری، محکمہ مقامی حکومت و کمیونٹی ڈویلپمنٹ، حکومت پنجاب اور جناب محسن بخاری، ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ قانون و پارلیمانی امور نے اپنے اپنے محکموں کی نمائندگی کی۔ جناب حافظ محمد شفیق عادل، سپیشل سیکرٹری صوبائی اسمبلی پنجاب نے سیکرٹری کمیٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔

4۔ سیکرٹری محکمہ مقامی حکومت و کمیونٹی ڈویلپمنٹ، حکومت پنجاب نے مجوزہ قانون سازی کے اغراض و مقاصد کے بارے میں کمیٹی کو آگاہ کیا۔ اس نے کہا کہ مسودہ قانون 36 بابت 2015 کا مقصد قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) جس کو مختصراً 'مذکورہ قانون' کہا جائے گا میں یونین کونسل میں مخصوص نشستوں کو بالواسطہ انتخاب کے ذریعے پُر کرنے اور مقامی حکومتوں کو پنجاب فنانس کمیشن میں نمائندگی دینے کے لئے ترمیم کرنا تھا۔ اس نے مزید یہ کہا کہ مسودہ قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (38 بابت 2015) کا مقصد موجودہ مقامی حکومتوں کے، حقوق، اثاثوں اور واجبات کی جانشین مقامی حکومتوں اور گروپ آف آفسز کے مابین جو آرڈیننس (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2001 (13 بابت 2013) کے منسوخ ہونے کے بعد حکومت کو منتقل ہو جائیں گے، تقسیم کے عمل میں سہولت پہنچانے کے لئے مذکورہ قانون میں مزید ترمیم کرنا ہے۔ اس نے کمیٹی سے گزارش بھی کی کہ دونوں مسودات قانون کو ایک مسودہ قانون میں ضم کر دیا جائے اور اس جامع مسودہ قانون پر مشترکہ طور پر غور وخوض کیا جائے۔

5۔ کمیٹی نے انتظامی محکمہ کی استدعا سے اتفاق کیا اور مسودہ قانون نمبر 38 بابت 2015 کو مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015 میں ضم کرنے اور بعد ازاں جامع مسودہ قانون کے طور پر غور و خوض کرنے کا فیصلہ کیا۔

6۔ سردار علی رضا خان دریشک، ایم پی اے (پی پی۔247) اور میاں محمد اسلم اقبال، ایم پی اے (پی پی۔148) کا نکتہ نظر تھا کہ یونین کونسل میں مخصوص نشستوں کو بالواسطہ انتخاب کے ذریعے پُر کرنا جمہوری روح کے منافی ہے لہذا انہوں نے مذکورہ قانون کی دفعہ 13 اور گوشوارہ میں مجوزہ ترامیم کی مخالفت کی۔ انہوں نے یہ رائے بھی دی کہ مذکورہ قانون کی دفعہ 111 میں مجوزہ ترمیم کے ذریعے یہ تجویز پیش کی گئی کہ پنجاب فنانس کمیشن میں حزب اختلاف میں سے دو اراکین ہوں گے جب کہ حزب اختلاف کے دو کی بجائے تین اراکین ہونے چاہییں۔ انہوں نے مذکورہ قانون کی دفعہ 3 میں مجوزہ ترمیم کی بھی مخالفت کی جو گروپس آف آفسز کے حقوق، اثاثہ جات اور واجبات کے متعلق ہیں، جو آرڈیننس مقامی حکومت پنجاب 2001 (13 بابت 2001) کی منسوخی پر، حکومت کو واپس ہو جائیں گے۔

7۔ اراکین کی آرا لینے، محکمہ انتظامی نیز محکمہ قانون کا نکتہ نظر لینے اور مختلف نکات پر بحث و تمحیص کے بعد کمیٹی نے، اپنے اکثریتی ووٹوں کے ذریعے فیصلہ کیا کہ پہلا مسودہ قانون یعنی کہ مسودہ قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015) منسلکہ "سی" میں ضم جامع مسودہ قانون ضروری ترامیم کے ساتھ اسمبلی منظور کرے۔

8۔ مسودہ قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015) اور مسودہ قانون (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (مسودہ قانون نمبر 38 بابت 2015) منسلکہ 'الف' اور منسلکہ 'ب' کی صورت میں لف ہیں اور جامع مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015، جیساکہ اسمبلی کی جانب سے منظوری کے لئے کمیٹی نے اس کے بارے سفارش کی ہے، منسلکہ 'سی' پر لف ہے۔

لاہور
31، اگست 2015

(چودھری عبدالرزاق ڈھلوں)
چیئرمین
اسٹینڈنگ کمیٹی برائے مقامی حکومت و دیہی ترقی

---

لاہور
31، اگست 2015

(رائے ممتاز حسین بابر)
سکرٹری

منسلکہ ۔ الف

(مسودہ قانون جیسا کہ اسے اسمبلی میں پیش کیا گیا)

# صوبائی اسمبلی پنجاب

مسودہ قانون نمبر 36 بابت 2015

## مسودہ قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015

## مسودہ قانون

بمراد اس امر کے کہ قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 میں ترمیم کردی جائے۔

ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ یونین کونسل کی مخصوص نشستوں کو بالواسطہ انتخاب کے ذریعے پُر کرنے، پنجاب فنانس کمیشن میں مقامی حکومتوں کو نمائندگی دینے اور دیگر مقاصد کے حصول کے لیے قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) میں ترمیم کردی جائے؛

لہذا درج ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

**1۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (1) قانون ہذا کو قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

**2۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 13 کی تبدیلی:۔** قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) جسے ازاں بعد "مذکورہ قانون" کہا جائے گا، کی دفعہ 13 کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"13 ۔ یونین کونسل:۔ (1) یونین کونسل، براہ راست منتخب کردہ چیئرمین اور وائس چیئرمین بطور مشترکہ امیدوار، چھ جنرل اراکین یعنی یونین کونسل کے ہر وارڈ میں سے ایک رکن، اور مخصوص نشستوں پر چیئرمین، وائس چیئرمین اور ووٹنگ میں حاضر جنرل اراکین کی جانب سے بالواسطہ طور پر منتخب کردہ درج ذیل اراکین پر مشتمل ہوگی:

(اے) دو خواتین اراکین؛

(بی) ایک ورکر رکن؛

(سی) ایک یوتھ رکن؛ اور

(ڈی) ایک غیر مسلم رکن۔"

**3۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 18 میں تبدیلی:۔** مذکورہ قانون کی دفعہ 18 کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"18۔ حق رائے دہی:۔ (1) ماسوااس کے کہ بصورت دیگر کچھ مذکور ہو، تمام مقامی حکومتوں کے اراکین کا انتخاب بالغ رائے دہی کی بنیاد پر خفیہ رائے دہی کے ذریعے مصرحہ طریق پر کیا جائے گا۔

(2) الیکشن کمیشن، مقامی حکومت کے انتخاب کا انعقاد، سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کو مصرحہ طریق پر نشانات الاٹ کر کے جماعتی بنیادوں پر کرے گا۔

(3) ذیلی دفعہ (2) میں مذکور کوئی امر کسی آزاد امیدوار یا مشترکہ امیدواروں کو مقامی حکومت کا انتخاب لڑنے میں مانع نہ ہوگا۔"

**4۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 75 کا حذف کیا جانا:۔** مذکورہ قانون کی دفعہ 75 حذف کردی جائے گی۔

**5۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 96 میں ترمیم:۔** مذکورہ قانون کی دفعہ 96 کی ذیلی دفعہ (3) کے بعد درج ذیل ذیلی دفعہ (3۔اے) ثبت کی جائے گی:

"(3۔اے) مقامی حکومت کی جانب سے ذیلی دفعہ (3) کے تحت پنچائیت یا مصالحتی انجمن کے اراکین نامزد نہ کئے جانے کی صورت میں حکومت یا اس کا مجاز کردہ افسر اراکین نامزد کرے گا۔"

6۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 111 میں ترمیم:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 111 میں:

(1) ذیلی دفعہ (1) میں:

(اے) ضمن (سی) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(سی) صوبائی اسمبلی پنجاب کے سات اراکین جن میں سے، کم از کم ایک خاتون رکن سمیت پانچ اراکین کو وزیر اعلیٰ نامزد کرے گا اور کم از کم ایک خاتون رکن سمیت دو اراکین کو صوبائی اسمبلی کا قائد حزب اختلاف نامزد کرے گا؛" اور

(بی) ضمن (سی) کے بعد درج ذیل نئی ضمن ہا (سی اے) اور (سی بی) ایزاد کی جائیں گی:

"(سی اے) میٹروپولیٹن کارپوریشن کا میئر؛

(سی بی) حکومت کا نامزد کردہ میونسپل کارپوریشن کا ایک میئر، میونسپل کمیٹی کا ایک چیئرمین، ضلع کونسل کا ایک چیئرمین اور یونین کونسل کا ایک چیئرمین؛۔

(2) ذیلی دفعہ (4) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(4) حکومت کے نامزد کردہ پنجاب فنانس کمیشن کے رکن کی مصرحہ طریق پر برطرفی یا دوبارہ تقرری کی جاسکتی ہے۔"

7۔ قانون 18 بابت 2013 میں دفعہ 153۔اے کا ایزاد کیا جانا:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 153 کے بعد درج ذیل دفعہ 153۔اے ثبت کی کی جائے گی:۔

"153۔اے۔ عبوری انتظامات:۔ جب تک قانون ہذا کے تحت یونین کونسل کی تشکیل کا نوٹیفیکیشن جاری نہیں ہو جاتا، متعلقہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن یا ضلع کونسل، یونین کونسل کے فرائض انجام دے گی۔"

8۔ قانون 18 بابت 2013 کے پہلے گوشوارہ میں ترمیم:۔ مذکورہ قانون کے پہلے گوشوارہ کے حصہ اول کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:۔

"حصہ اول

| | الیکشن کا طریق کار | رکنیت |
|---|---|---|
| یونین کونسل | براہ راست | چیئرمین اور وائس چیئرمین بطور مشترکہ امیدوار |
| | براہ راست | چھ جنرل اراکین |
| | بالواسطہ | دو خواتین اراکین |
| | بالواسطہ | ایک کسان یا ورکر رکن |
| | بالواسطہ | ایک یوتھ رکن |
| | بالواسطہ | ایک غیر مسلم رکن" |

منسلکہ ب

(مسودہ قانون جیسا کہ اسے اسمبلی میں پیش کیا گیا)

# صوبائی اسمبلی پنجاب

مسودہ قانون نمبر 38 بابت 2015

## مسودہ قانون (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015

## مسودہ قانون

بمراد اس امر کے کہ قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 میں مزید ترمیم کر دی جائے۔

چونکہ یہ ضروری ہو گیا ہے کہ آرڈیننس مقامی حکومت پنجاب 2001 (13 بابت 2001) کی منسوخی پر موجودہ مقامی حکومتوں کے حکومت کو واپس ہونے والے حقوق، اثاثوں اور واجبات کی آنے والی مقامی حکومتوں اور گروپ آف آفسز کے درمیان تقسیم اور دیگر مقاصد کے لئے قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) میں ترمیم کر دی جائے؛

1۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (1) قانون ہذا کو قانون (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہو گا۔

2۔ **قانون نمبر 18 بابت 2013 کی دفعہ 3 میں ترمیم:۔** قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) میں اختصار کی غرض سے 'مذکورہ قانون' کی دفعہ 3 میں:

(اے) ذیلی دفعہ (1) میں:

(i) ضمن (ڈی) میں علامت وقف ناقص کے بعد وارد ہونے والا لفظ "اور" حذف کر دیا جائے گا؛

(ii) ضمن (ای) میں علامت وقف تام کی بجائے لفظ "اور" ثبت کیا جائے گا؛

(iii) ضمن (ای) کے بعد درج ذیل ضمن (ایف) ثبت کی جائے گی:

"(ایف) حکومت، حکومت کو واپس ہونے والے آفسز کے گروپس کے حقوق، اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کی جانشین ہو گی"؛ اور

(بی) ذیلی ضمن (2) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(2) حکومت یا حکومت کی جانب سے مامور کردہ افسر موجودہ مقامی حکومتوں کے حقوق، اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کو جانشین مقامی حکومتوں اور حکومت میں تقسیم کرے گا اور، حکومت یا مامور کردہ افسر کا فیصلہ حتمی ہو گا۔"

3۔ **قانون نمبر 18 بابت 2013 کی دفعہ 9 میں ترمیم:۔** مذکورہ قانون کی دفعہ 9 کی ذیلی دفعہ (3) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(3) الیکشن کمیشن جنرل سیٹوں پر اراکین کے چناؤ کے لئے یونین کونسل کی چھ وارڈز میں حد بندی کرے گا۔"

10۔ **تنسیخ:۔** آرڈیننس (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (19 بابت 2015) بذریعہ تحریر ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

**وزیر متعلقہ**

---

لاہور:

27 اگست 2015

رائے ممتاز حسین بابر

سیکرٹری

منسلکہ سی

(مسودہ قانون جیسا کہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے مقامی حکومت و دیہی ترقی نے اس کے بارے سفارش کی)

## مسودہ قانون

بمراد اس امر کے کہ قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 میں مزید ترمیم کر دی جائے۔

ہر گاہ یہ امر قرین مصلحت ہے، کہ یونین کونسل کی مخصوص نشستوں کو بالواسطہ انتخاب کے ذریعے پُر کرنے، پنجاب فنانس کمیشن میں مقامی حکومتوں کو نمائندگی دینے، آرڈیننس مقامی حکومت پنجاب 2001 (13 بابت 2001) کی تنسیخ کے نتیجے میں موجودہ مقامی حکومتوں کے حکومت کو واپس ہونے والے حقوق، اثاثوں اور واجبات کی آئندہ مقامی حکومتوں اور گروپ آف آفسر کے درمیان تقسیم کے عمل کو سہل بنانے اور دیگر مقاصد کے حصول کے لئے قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) میں مزید ترمیم کر دی جائے۔

لہذا صوبائی اسمبلی پنجاب کی جانب سے درج ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

1۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔ (1) قانون ہذا کو قانون (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہو گا۔

2۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 3 میں ترمیم:۔ قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) جسے اختصار کی غرض سے 'مذکورہ قانون' کہا جائے گا، کی دفعہ 3 کی:

(اے) ذیلی دفعہ (1) میں:

(i) ضمن (ڈی) میں سیمی کولن کے بعد وارد ہونے والا لفظ "اور" حذف کر دیا جائے گا؛

(ii) ضمن (ای) میں فل سٹاپ کی بجائے لفظ "اور" ثبت کیا جائے گا؛

(iii) ضمن (ای) کے بعد درج ذیل ضمن (ایف) ثبت کی جائے گی:

"(ایف) حکومت کو واپس ہونے والے گروپس آف آفسر کے حقوق، اثاثے اور واجبات حکومت کو ملیں گے"؛ اور

(بی) ذیلی ضمن (2) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(2) حکومت یا حکومت کی جانب سے مامور کردہ افسر موجودہ مقامی حکومتوں کے حقوق، اثاثوں اور واجبات آئندہ مقامی حکومتوں اور حکومت میں تقسیم کرے گا اور، حکومت یا مامور کردہ افسر کا فیصلہ حتمی ہو گا۔"

3۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 9 میں ترمیم:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 9 کی ذیلی دفعہ (3) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(3) الیکشن کمیشن جنرل سیٹوں پر اراکین کے الیکشن کے لئے یونین کونسل کی چھ وارڈوں میں حدبندی کرے گا۔"

4۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 13 کی تبدیلی:۔ قانون مقامی حکومت پنجاب 2013 (18 بابت 2013) جسے اختصار کی غرض سے "مذکورہ قانون" کہا جائے گا، کی دفعہ 13 کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"13۔ یونین کونسل:۔ (1) یونین کونسل، براہ راست منتخب کردہ چیئرمین اور وائس چیئرمین بطور مشترکہ امیدوار، چھ جنرل اراکین یعنی یونین کونسل کے ہر وارڈ میں سے ایک رکن، اور مخصوص نشستوں پر چیئرمین، وائس چیئرمین اور ووٹنگ میں حاضر جنرل اراکین کی جانب سے بالواسطہ طور پر منتخب کردہ درج ذیل اراکین پر مشتمل ہوگی:

(اے) دو خواتین اراکین؛

(بی) دیہی یونین کونسل میں ایک کسان رکن یا شہری یونین کونسل میں ایک ورکر رکن؛

(سی) ایک یوتھ رکن؛اور

(ڈی) ایک غیر مسلم رکن۔"

5۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 18 کی تبدیلی:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 18 کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"18۔ حق رائے دہی:۔ (1) ماسوا اس کے کہ بصورت دیگر کچھ مذکور ہو، تمام مقامی حکومتوں کے اراکین کا انتخاب بالغ رائے دہی کی بنیاد پر خفیہ رائے دہی کے ذریعے مصرحہ طریق پر کیا جائے گا۔

(2) الیکشن کمیشن، مقامی حکومت کے انتخاب کا انعقاد، سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کو مصرحہ طریق پر نشانات الاٹ کر کے جماعتی بنیادوں پر کرے گا۔

(3) ذیلی دفعہ (2) میں مذکور کوئی امر کسی آزاد امیدوار یا مشترکہ امیدواروں کو مقامی حکومت کا انتخاب لڑنے میں مانع نہ ہوگا۔"

6۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 75 کا حذف کیا جانا:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 75 حذف کر دی جائے گی۔

7۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 96 میں ترمیم:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 96 کی ذیلی دفعہ (3) کے بعد درج ذیل ذیلی دفعہ (3۔اے) ثبت کی جائے گی:

"(3۔اے) مقامی حکومت کی جانب سے ذیلی دفعہ (3) کے تحت پنچایت یا مصالحتی انجمن کے اراکین نامزد نہ کئے جانے کی صورت میں حکومت یا اس کا مجاز کردہ افسر اراکین نامزد کرے گا۔"

8۔ قانون 18 بابت 2013 کی دفعہ 111 میں ترمیم:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 111 کی:

(1) ذیلی دفعہ (1) میں:

(اے) ضمن (سی) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(سی) صوبائی اسمبلی پنجاب کے سات اراکین جن میں سے، کم از کم ایک خاتون رکن سمیت پانچ اراکین کو وزیراعلیٰ نامزد کرے گا اور کم از کم ایک خاتون رکن سمیت دو اراکین کو صوبائی اسمبلی کا قائد حزب اختلاف نامزد کرے گا؛" اور

(بی) ضمن (سی) کے بعد درج ذیل نئی ضمنیں (سی اے) اور (سی بی) ایزاد کی جائیں گی:

"(سی اے) میٹروپولیٹن کارپوریشن کا میئر؛

(سی بی) حکومت کا نامزد کردہ میونسپل کارپوریشن کا ایک میئر، میونسپل کمیٹی کا ایک چیئرمین، ضلع کونسل کا ایک چیئرمین اور یونین کونسل کا ایک چیئرمین؛اور

(2) ذیلی دفعہ (4) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:

"(4) حکومت کے نامزد کردہ پنجاب فنانس کمیشن کے رکن کی مصرحہ طریق پر برطرفی یا دوبارہ تقرری کی جا سکتی ہے۔"

9۔ قانون 18 بابت 2013 میں دفعہ 153۔اے کا ایزاد کیا جانا:۔ مذکورہ قانون کی دفعہ 153 کے بعد درج ذیل دفعہ 153۔اے ثبت کی جائے گی:۔

"153۔اے۔ عبوری انتظامات:۔جب تک قانون ہذا کے تحت یونین کونسل کی تشکیل کا نوٹیفیکیشن جاری نہیں ہو جاتا، متعلقہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن یا ضلع کونسل، یونین کونسل کے فرائض انجام دے گی۔"

10۔ قانون 18 بابت 2013 کے پہلے گوشوارہ میں ترمیم:۔مذکورہ قانون کے پہلے گوشوارہ کے حصہ اول کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی:۔

"حصہ اول

| | الیکشن کا طریق کار | رکنیت |
|---|---|---|
| یونین کونسل | براہ راست | چیئرمین اور وائس چیئرمین بطور مشترکہ امیدوار |
| | براہ راست | چھ جنرل اراکین |
| | بالواسطہ | دو خواتین اراکین |
| | بالواسطہ | ایک کسان یا ورکر رکن |
| | بالواسطہ | ایک یوتھ رکن |
| | بالواسطہ | ایک غیر مسلم رکن" |

11۔ قانون 18 بابت 2013 کے تیسرے گوشوارے میں ترمیم:۔مذکورہ قانون کے تیسرے گوشوارہ کے حصہ سوئم کی سیریل نمبر (11) کی بجائے درج ذیل عبارت ثبت کی جائے گی۔

"(11) پیشوں یا کاروباروں کے لئے لائسنس کے اجرا کی مصرحہ فیس۔"

12۔ تنسیخ:۔ آرڈیننس (ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (17 بابت 2015) اور آرڈیننس (دوسری ترمیم) مقامی حکومت پنجاب 2015 (19 بابت 2015) بذریعہ تحریر ہذا منسوخ کیے جاتے ہیں۔